نقد و نظر

اسلامی حدود

مصنف : مولانا سید محمد متین ہاشمی

ناشر : شعبہ تصنیف و تالیف انجمن اصلاح المسلمین، پنڈی بھٹیاں، ضلع گوجرانوالہ

ملنے کا پتا : کتب خانہ شانِ اسلام، راحت مارکیٹ، اُردو بازار، لاہور

کاغذ، کتابت، طباعت، جلد، عمدہ۔ صفحات ۳۴۴۔ قیمت ۳۵ روپے۔

مولانا سید محمد متین ہاشمی ملک کی جانی پہچانی شخصیت ہیں اور اہلِ علم میں ان کی حیثیت بڑی بلند ہے۔ وہ کتاب و سنت اور علمِ فقہ پر عبور رکھتے ہیں۔ "المعارف" کے معزز قارئین کو ان کے افکارِ عالیہ سے مستفید ہونے کا اکثر موقع ملتا رہتا ہے۔ زیرِ تبصرہ کتاب "اسلامی حدود" ان کی تازہ تصنیف ہے جس میں فاضل مصنف نے اسلامی حدود کو موضوعِ بحث ٹھہرایا ہے اور ان برائیوں کو تفصیل سے بیان کیا ہے، جن پر حدود کا نفاذ عمل میں آتا ہے۔

ابتدا میں لائق مصنف نے حد کی تعریف، تعزیر، حدود و تعزیرات کی ضرورت، قابلِ حد جرائم، اجرائے حد میں احتیاط وغیرہ امور پر بحث کی ہے۔ اس کے بعد سات ابواب قائم کرکے ہر باب میں مختلف حدود کی وضاحت کی ہے۔ باب اوّل میں زنا، باب دوم میں قذف، باب سوم میں شراب نوشی، باب چہارم میں سرقہ، باب پنجم میں حرابہ (یعنی رہزنی)، باب ششم میں بغاوت اور باب ہفتم میں ارتداد پر تفصیل سے روشنی ڈالی ہے۔ ہر موضوع کو کتاب و سنت اور فقہ کے نقطہ نظر سے منقح کیا ہے۔

کتاب اپنے موضوع میں بڑی مفصل ہے۔ عام اہلِ علم کے علاوہ ان حضرات کو بالخصوص اس کا مطالعہ کرنا چاہیے جو عدل و انصاف کے ذمہ دارانہ منصب پر فائز ہیں یا وکالت کے فرائض انجام دیتے ہیں۔ موجودہ حالات میں اس موضوع سے متعلق کتاب کی سخت ضرورت تھی جو کافی حد تک پوری کر دی گئی ہے ——— کتاب کے مسودے کا مطالعہ جناب جسٹس شمیم حسین قادری صاحب نے بھی کیا ہے اور ابتدا